130880 ـ بیماری کی بنا پر کفارہ کے روزوں کا تسلسل ٹوٹنے سے کوئی نقصان نہیں ہوگا

سوال

میں نے رمضان المبارك کے دوران دن کے وقت جماع کر لیا اور کفارہ کے روزے رکھنا شروع کیے لیکن ستاون روزے رکھنے کے بعد بہت شدید بیمار ہوگیا جس کی بنا پر میں روزے نہیں رکھ سکتا تھا اس لیے دو روزے رہ گئے اور بعد میں تندرست ہونے کے بعد روزے مکمل کر لیے تو کیا میرے لیے یہ کافی ہونگے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ نے جو کیا وہ بہتر کیا ہے، کیونکہ بیماری کی بنا پر انقطاع آنے سے کوئی ضرر اور نقصان نہیں ہوتا؛ اس لیے بیماری شرعی عذر ہے اس سے انقطاع آنا کوئی نقصاندہ نہیں.

جب آپ نے اس کے بعد تین دن روزے رکھ لیے تو آپ کے روزے صحیح ہیں اور الحمد للہ کفارہ ادا ہو گیا ہے " انتہی

فضيلة الشيخ عبد العزيز بن باز رحمہ اللہ.